# شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ

### 56۔ بندروڈ، لاہور

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

کمپنی کا 52 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 30 اکتوبر 2015 کو صبح 10:30 بجے بمقام آواری ہوٹل، 87۔شارع قائداعظم لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1۔ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 30 اکتوبر 2014 کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ سال 30 جون 2015 کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات معہ ڈائریکٹرز اور انڈیپنڈنٹ آڈیٹرز رپورٹ کی وصولی اور اختیار کرنا۔

3۔ سال 30 جون 2015 کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ 11 روپے فی حصص کے حساب سے نقد منافع جو 110 فیصد ہے، اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کی منظوری دینا۔

4۔ مالی سال 16-2015 کیلئے بیرونی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کمپنی کے دیگر عمومی امور پر غور کرنا۔

**حسب الحکم بورڈ**
**فیصل احمد نثار**
**کمپنی سیکریٹری**

**لاہور:**
**29 ستمبر 2015۔**

**نوٹ:**

1۔ کمپنی کی کتب برائے منتقلی حصص اور منافع کے تعین کے لئے مورخہ 24 اکتوبر 2015 سے مورخہ 30 اکتوبر 2015 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

2۔ کوئی بھی ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/کرسکتی ہے۔ پراکسی فارمز اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ، 56 بندروڈ، لاہور میں جمع کرادیئے جانے چاہئیں۔

3۔ کوئی شخص بھی پراکسی کی اہلیت نہیں رکھتا جب تک وہ کمپنی کا ممبر نہ ہو سوائے اس کہ کمپنی خود کسی غیر متعلقہ شخص کو مقرر کرے۔

4۔ پراکسی فارم پر حصص کنندہ کے دستخط کمپنی کے پاس رجسٹرڈ حصص کنندہ کے نمونہ دستخط کے مطابق ہو۔ حصص کنندگان کی سہولت کیلئے، پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ہمراہ منسلک ہے۔

5۔ حصص کنندگان سے التماس ہے کہ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار CORP LINK (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو فوری طور پر مطلع کریں۔

6۔ سی ڈی سی کھاتہ داران کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی جانب سے جاری شدہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل پیرا ہونا ضروی ہے۔

**(A) اجلاس میں شرکت کے لئے:**

i۔ انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا سب کھاتہ دار اور یا جن افراد کی سیکیورٹیز مشترکہ کھاتہ میں ہوں ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپلوڈ ہوں، کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کے لیے اصلی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ii۔ کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں اجلاس کے موقع پر بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے پیش کرنا ہوگا (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی)۔

**(B) پراکسی کے تقرر کے لئے:**

i۔ انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا سب کھاتہ دار اور یا جن افراد کی سیکیورٹیز مشترکہ کھاتہ میں ہوں ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپلوڈ ہوں، کو اجلاس میں شرکت کے لیے پراکسی فارم حسب بالا جمع کروانا ہوگا۔

ii۔ بینیفشل اونرز تصدیق شدہ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی، پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کریں۔

iii۔ پراکسی خواہ مرد ہو یا عورت اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے۔

iv۔ کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے لئے بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ ووٹ کے لئے کارپوریٹ شخصیت کی طرف سے نامزد کردہ فرد کے دستخط کے نمونے (اگر وہ پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کئے جائیں۔

7۔ یکم جولائی 2015 سے نافذ العمل فنانس ایکٹ مجریہ 2015 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کے لئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت حسب ذیل شرح مقرر کی گئی ہیں:

i- انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والے فائلرز کے لئے شرح 12.50 فیصد

ii- انکم ٹیکس گوشوارے نہ جمع کروانے والے نان فائلرز کے لئے 17.50 فیصد

مشترکہ کھاتہ کی صورت میں ہر حصص کنندہ انفرادی تصور کیا جائے گا چاہے وہ فائلر ہو یا نان فائلر ان کے حیثیت کے ساتھ حصص کے تناسب سے ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ اس ضمن میں تمام مشترکہ حصص کنندگان سے درخواست ہے کہ وہ ذیل میں دی گئی تفصیلات کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر بھیجیں۔ سی ڈی سی کھاتہ دار کارپوریٹ فزیکل حصص کنندگان اپنی تفصیلات جو کہ ٹیکس کی ادائیگی کے موجودہ حیثیت کو ظاہر کرتی ہو اسٹاک ایکسچینج کے متعلقہ ممبر اور سی ڈی سی کو پیش کریں اگر سی ڈی سی انوسٹر اکاؤنٹ کو مینٹین کیا گیا ہے۔ بصورت دیگر بنیادی حصص کنندہ اور مشترکہ حصص کنندہ کے حصص کا تناسب مساوی سمجھا جائیگا۔

| کمپنی کا نام | فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل حصص | بنیادی حصص کنندہ | | مشترکہ حصص کنندہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | حصص کی ملکیت کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | حصص کی ملکیت کا تناسب (حصص کی تعداد) |
| | | | | | | |

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی جانب سے وقتاً فوقتاً ایکٹو ٹیکس پیئر (ATL) لسٹ کو جانچنے کے لیے اب شناختی کارڈ نمبر یا این ٹی این کی تفصیلات ضروری ہیں۔

8- سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے جاری شدہ ایس آر او 2014(1)19 بتاریخ 10 جنوری 2014 کے تحت وہ حصص کنندگان جنہوں نے ابھی تک اپنے تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی جمع نہیں کرائی ان سے التماس ہے کہ وہ اسے اپنے فولیو نمبر کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھجوادیں۔

9۔ 30 جون 2015 کے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ حسابات بمعہ پچھلے عرصہ کے سالانہ اور سہ ماہی حسابات، کمپنی کی ویب سائٹ (www.shezan.com) پر رکھ دیئے گئے ہیں۔